Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ ... شنبہ بتاریخ ۴ ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۳ دسمبر ۱۹۳۴ء

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مضمون	نمبر	نمبر	مضمون	صفحہ
تقرر مسٹر بارکر (عہدہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس)	۲	(۴)	توسیع اختیارات سماعت تحت دفعہ ۲۴ قانون مطالبہ خفیفہ بعدالت سول جج رامپور	۳
منظوری رخصت صاحب آنریری منسٹر بہادر	″			
منظوری رخصت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲۲۳	(۵)	برقراری سلسلۂ ملازمت منشی امداد علی اسسٹنٹ	۳
		(۶)	واپسی خدمات لفٹننٹ کرنل ...	″

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

	مضمون	نمبر	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	اضافہ گریڈ بہ تنخواہ ماسٹر محمد احمد (ڈرائنگ ماسٹر)	۴	۸	منظوری وصولیابی فیس حکیمان جدید بیوسیٹی	۴
۸	اضافہ بہ تنخواہ تہور علیخاں (انسپکٹر باغ بریلی)	″	۹	توسیع مدت ملازمت اہلکاران سررشتہ ملکی سپنیل	۴ و ۵
				نقشہ تعطیلات بابت سال ۱۹۳۵ء	۵ و ۶

روبکار اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

	مضمون	نمبر		
۱	اضافہ بہ تنخواہ مسٹر واحد خاں انسپکٹر لائن	۸		

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار :-
واقع ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

مسٹر مارکن "سپرنٹنڈنٹ پولیس" کی خدمات گورنمنٹ سے حاصل کی گئی ہیں۔ لہذا اون کا تقرر بعہدہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس بشرائط ذیل منظور کیا جاتا ہے:

(۱) گورنمنٹ میں آن کو جو تنخواہ مل رہی ہے۔ اوس سے ۲۵ پچیس فی صدی زائد ماہانہ پائیں گے۔

(۲) "حق پنشن و رخصت" ریاست سے حسب قاعدہ گورنمنٹ کو جائے گا۔

(۳) اورسیز الاؤنس ریاست سے ادا ہوگا۔

(۴) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست ملیگا۔

(۵) مکان اور سواری کا انتظام ریاست سے ہوگا۔

مسٹر کیپ موجودہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کی خدمات گورنمنٹ کو واپس کر دی گئیں۔ آج ہی ان سے چارج کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

۱۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :-
واقع ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوتے۔ حسب رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت دو یوم ۱۷ و ۱۸ر دسمبر ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں صاحب آرمی منسٹر بہادر کا کام بدولت واقبال خود انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم :-
واقع ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۲ء

فرقیہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے عطائے اجازت ایام تعطیلات ۲۵ لغایت ۲۹ر دسمبر ۱۹۳۲ء و دیگر منظوری و منظوری رخصت دو یوم ۳۰ و ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۲ء مطلوبہ صاحب چیف جسٹس بہادر بغرض روانگی پنجاب

حکم

بموجب رپورٹ صاحب چیف جسٹس بہادر کی رخصت ۳۰ روزہ از ۱۳ دسمبر ۱۹۳۴ء و اجازت ۵ دسمبر لغایت ۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء و یکم جنوری ۱۹۳۵ء ایام تعطیلات منظور ہے۔ کاغذات براے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- واقع ۱۸ دسمبر ۱۹۳۴ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر اختیارات سماعت عدالت سول جج رامپور میں تحت دفعہ (۱۴) قانون مطالبہ خفیفہ ۹ سو روپیہ تک توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

بکار رواسہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم اجلاس ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء   دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

عرضیہ مرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت عطائے صدور حکم متعلق سلسلۂ ملازمت منشی سید امداد علی ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں۔

حکم

بموجب رپورٹ سید امداد علی ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس کا سلسلہ ملازمت ۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء تاریخ تقرر ابتدائی سے برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- (دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم) واقع ۱۸ دسمبر ۱۹۳۴ء

۲۰ دسمبر ۱۹۳۳ء کو لفٹننٹ کرنل ایچ جی جیفریز ڈی ایس او کی رخصت سیوم کے متعلق روبکار جاری ہوا اور حکم ہوا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی اجازت آنے تک صاحب آرمی منسٹر بہادر ان کو اطلاع دیں کہ وہ براہ راست گورنمنٹ میں اپنی ملازمت پر چلے جائیں بشرطیکہ گورنمنٹ آرڈر آنے تک لفٹننٹ کرنل ایچ جی جیفریز واپس آ جائیں۔ آج جناب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کا تار موصول ہوا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا سے لفٹننٹ کرنل ایچ جی جیفریز کی واپسی کا آرڈر ہوگیا ہے"

لہذا رخصت منسوخ کیجاتی ہے اور یہ ریاست سے آئندہ گورنمنٹ کو واپس کئے جائیں اور ریاست کی ملازمت سے نام خارج کیا جائے صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے تار کی نقل صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس بھیجدیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ اصل روبکار بعد اجرائے احکام صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے نام کے دار الانشاء میں بھیجے۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل - ریاست رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل -

واقع ۱۶ر دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء میں کاغذات اضافہ گریڈ منظور شدہ در تنخواہ ماسٹر محمد احمد (ڈرائنگ ماسٹر) ہائی اسکول پیش ہو کر طے پایا کہ :- ماسٹر محمد احمد ڈرائنگ ماسٹر کی تنخواہ میں ۲۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء سے پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل :-

واقع ۱۶ر دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء میں کاغذات اضافہ پانچ روپیہ ماہانہ در تنخواہ تہور علیخاں (انسپکٹر باغ بریلی) پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب سفارش صاحب ریونیو منسٹر بہادر تہور علیخاں انسپکٹر باغ بریلی کا پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔

اس اضافہ کی گنجائش موجودہ بجٹ سے نکالی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

واقع ۱۶ر دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت تصفیہ وصول باقی فیس از مالکان چکیات اندرون حدود میونسپلٹی پیش ہو کر طے پایا کہ :-

چونکہ میونسپلٹی کی موجودہ ترمیم شدہ "بائی لاز" میں یہ فیس قائم ہو چکی ہے۔

لہذا یہ فیس میونسپلٹی وصول کرے۔ اور محکمہ نزول سے خارج کی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقع ۱۶ر دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء میں کاغذات توسیع مدت ملازمت اہلکاران سررشتہ ملکی منجملہ مال پیش ہو کر طے پایا کہ

اہلکاران سررشتہ ملکی کی میعاد ملازمت میں حسب صراحت نقشہ تحت توسیع منظور کی جاتی ہے۔

نام	عہدہ	تنخواہ	ختم مدت توسیع سابق	ضرورت توسیع آئندہ	کل رقم جو مشاہرات میں صرف ہوگی۔
سید رسول۔	ہیڈ وارنسین	مے	۱۴ راکتوبر ۱۹۳۳ء	۳۰ راپریل ۱۹۳۵ء	مالعہ ۳/۳۲
غلام محمد خاں۔	زیسر	عہ	۱۴ راکتوبر ۱۹۳۳ء	〃	مالعہ
مصطفیٰ حسین۔	〃	مہ	۲۴ دسمبر ۱۹۳۳ء	〃	مہ ۱/۹
سجاد حسین۔	〃	مہ	۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء	۱۵ راکتوبر ۱۹۳۳ء	۱۰/۹
اشرفی لال	محرر	عہ	〃	۳۰ راپریل ۱۹۳۵ء	مالعہ

اہلکاران کی کل تنخواہ مد مشاہرات بندوبست جدید سے منظور شدہ ہے۔   صما ۸/۹

حکم ہوا کہ

تجویز مندرجہ بالا کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ اسٹیٹ کونسل }
دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل }

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۰؍دسمبر ۱۹۳۴ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۰؍دسمبر ۱۹۳۴ء میں کاغذات منظوری نقشہ تعطیلات برائے سال ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ:-

بازادی تعطیل شیوراتری تعطیلات مندرجہ نقشہ منسلکہ کاغذات منظور کیجاتی ہیں۔

حکم ہوا کہ

آرڈران کونسل مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی بہ رشتہ صدر کو مرسلہ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابتہ سال ۱۹۳۵ء

۱۔ تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمہ جات ریاست کے لئے اجلاس اسٹیٹ کونسل سے منظور فرمائی گئی ہیں۔

۲۔ چندر گرہن جس شب کو ہو بروز آئندہ اور سورج گرہن جس دن ہو اسی دن تعطیل ہوگی۔

۳۔ علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل کے معمولی تعطیل بروز جمعہ ہفتہ وار ہوا کریگی۔

۴۔ تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر ضرورت خاص کے اجازت کی ضرورت نہ ہوگی لیکن کوئی ملازم بغیر اجازت افسر ہیڈکوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا۔

۵۔ تعطیلات پر ہمیشہ کار سرکار مقدم متصور ہوگا۔

۶۔ رویت ہلال کے مقدم موخر ہونے سے ترمیم ہوسکیگی۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر ریاست رامپور

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایرڈے	۲۳؍رمضان ۱۳۵۳ھ	یکم جنوری ۱۹۳۵ء	پوس سدی اکادشی سمت ۱۹۹۱ بکرمی	سہ شنبہ	۱	
۲	عید الفطر	یکم شوال	۵؍جنوری "	پوس سدی تیج	دوشنبہ و سہ شنبہ	۲	
۳	چاند گرہن	۱۳؍شوال	۱۹؍جنوری "	پوس سدی پورنماشی	سہ شنبہ	۱	
۴	بسنت پنچمی	۴؍ذیقعد	۸؍فروری "	ماگھ سدی پنچمی	جمعہ	۱	
۵	شیوراتری	۲۶؍ذیقعد	۳؍مارچ "	تیرس پھاگن بدی	یکشنبہ	۱	تعطیل ہذا کی منظوری اسٹیٹ کونسل سے ہوئی
۶	یوم مبارک حج	۹؍ذالحجہ	۱۵؍مارچ "	پھاگن سدی کادشی	جمعہ	۱	
۷	عید الاضحیٰ	۱۰؍ذی الحجہ	۱۶؍مارچ لغایت ۱۸؍مارچ	پھاگن سدی دوادشی	شنبہ لغایت دوشنبہ	۳	
۸	ہولی	۱۴؍ذی الحجہ	۲۰؍مارچ لغایت ۲۱؍مارچ	پھاگن سدی پورنماشی	چہارشنبہ لغایت پنجشنبہ	۲	
۹	عید غدیر	۱۸؍ذی الحجہ	۲۴؍مارچ	چیت بدی چوتھ	یکشنبہ	۱	
۱۰	محرم الحرام	یکم محرم ۱۳۵۴ھ	۶؍اپریل لغایت ۱۷؍اپریل	چیت سدی ... سمت ۱۹۹۲ بکرمی	شنبہ لغایت چہارشنبہ	۱۲	
۱۱	چہلم	۲۰؍صفر	۲۴؍مئی	جیٹھ بدی چھٹ	جمعہ	۱	
۱۲	سالگرہ ملک معظم	"	"	"	"	۱	تاریخ کا تعین بعد کو ہوگا۔

نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
بارہ وفات شریف	۱۱ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۴ھ	۱۴ر جون سنہ ۱۹۳۵ء	جیٹھ سدی ترودشی سمت ۱۹۹۲ بکرمی	جمعہ	۱	
ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ ربیع الاول	۱۹ر جون	اساڑ بدی تیج	چہارشنبہ	۱	
جنم اشٹمی	۲۱ر جمادی الاول	۱۱ر اگست	بھادوں بدی اشٹمی	چہارشنبہ	۱	
درگا اشٹمی	۲ر رجب	۵ر اکتوبر	کنوار سدی اشٹمی	شنبہ	۱	
دسہرہ	۴ر رجب	۷ر اکتوبر	کنوار سدی دشمی	دوشنبہ	۱	
ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ر رجب	۱۲ر اکتوبر	کنوار سدی پورنماشی	شنبہ	۱	
دیوالی	۲۷ر رجب	۲۶ و ۲۷ر اکتوبر	کاتک بدی چودس	شنبہ و یکشنبہ	۲	
گنگا اشنان	۱۳ر شعبان	۱۰ر نومبر	کاتک سدی پورنماشی	یکشنبہ	۱	
شب برات	۱۴ر شعبان	۱۱ر نومبر	اگھن بدی پڑوا	دوشنبہ	۱	
ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ر شعبان	۱۲ر نومبر	اگھن بدی دوج	سہ شنبہ	۱	
سالگرہ اعلیٰحضرت ... دام اقبالہم و ملکہم	۲۰ر شعبان	۱۷ر نومبر	اگھن بدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
سالگرہ جناب نواب ... بہادر	۲۵ر شعبان	۲۲ر نومبر	اگھن بدی دوادشی	جمعہ	۱	
سالگرہ ...	۱۴ر رمضان	۱۰ر دسمبر	اگھن سدی پورنماشی	سہ شنبہ	۱	
شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ تا ۲۱ر رمضان	۱۵ تا ۱۷ر دسمبر	پوس بدی چھٹ	دوشنبہ تا چہارشنبہ	۳	
یوم کلاں	۲۹ر رمضان	۲۵ تا ۲۶ر دسمبر	پوس سدی چوتھ	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
عید الفطر	یکم شوال	۲۸ و ۲۹ر دسمبر	پوس سدی تیج	شنبہ و یکشنبہ	۲	

روبکار اجلاس جناب پریزیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

روبکار: واقع ۱۰ دسمبر ۱۹۳۴ء

بموجب روبکار مجریہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۳ء۔ مسٹر واحد خاں۔ ریزرو انسپکٹر لائن پولیس کی تنخواہ ۲۲۵ (دو سو پچیس) روپیہ ماہوار تعین ہوئی تھی۔ اب گورنمنٹ سے طے ہوا ہے۔ کہ بجائے ۲۲۵ (دو سو پچیس) روپیہ کے ۲۵۰ (دو سو پچاس) روپیہ ماہوار دیے جائیں۔ لہذا مسٹر واحد خاں کی تنخواہ کا یوم تقرر سے بحساب (۲۵۰) دو سو پچاس روپیہ ماہوار اعلان کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذ کونسل میں بھیجدیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط جناب پریزیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل)